مقالہ نگاروں سے گذارش

ترجمان طب کو بہتر سے بہتر انداز میں پیش کرنے کی ہماری کوشش میں آپ کا بھرپور تعاون حاصل ہو جائے گا اگر مقالہ ارسال کرنے سے قبل انہیں درج ذیل ہدایات کے مطابق بنالیا جائے۔

- مقالہ اردو ٹائپنگ کے معروف سافٹ ویر ''ان پیج (InPage)'' میں کتابت شدہ ہو۔
- مقالہ کا عنوان (Title) 30 پوائنٹ پر، مقالہ نگاروں کے نام 18 پوائنٹ پر اور ان کے کوائف 12 پوائنٹ پر، ذیلی عناوین 16 پوائنٹ پر بولڈ میں، عام متن 15 پوائنٹ پر بغیر بولڈ کے، کوٹیشن صرف 14 پوائنٹ پر اور واوین کے اندر ہوں۔
- الفاظ کی تکمیل سے قبل Space کا استعمال نہ کریں اور نہ ہی ان کے بعد غیر ضروری Space کا استعمال کریں۔
- جدولی انداز کے متن کو بہتر ہے کہ Table میں رکھیں یا پھر Tab (نہ کہ Space Bar) کے ذریعہ ہموار کریں۔
- اردو الفاظ املا کے جدید قواعد کے اعتبار سے لکھے جائیں مثلاً لئے، کئے، چاہئے کے بجائے لیے، کیے، چاہیے وغیرہ، اس کے لیے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کی شائع کردہ کتاب ''املانامہ'' کی مراجعت مناسب ہوگی۔
- اردو کے علاوہ دیگر زبانوں جیسے عربی، فارسی، انگریزی، ہندی وغیرہ کی عبارات کا اردو ترجمہ ضرور تحریر کریں۔
- اردو اور فارسی کے لیے نوری نستعلیق، عربی کے لیے Trad Arabic (العربية)، انگریزی کے لیے Arial فونٹ استعمال کریں۔
- متن میں حوالہ جات/ حواشی کے نمبرات اس علامت (ؔ) کے ذریعہ ظاہر کیے جائیں مثلاً ۱،۲
- کسی کتاب سے کوئی اقتباس لیا جائے تو متعین طور پر بتایا جائے کہ یہ اقتباس فلاں کتاب کی فلاں جلد کے فلاں صفحے سے لیا گیا ہے۔ ان تفصیلات کو متن کے ذیل میں یا پھر حوالہ جات/ حواشی کی سرخی کے تحت درج کیا جائے، نیز مراجع و مصادر کے تحت مآخذ کی تفصیلات درج ذیل ترتیب سے تحریر کی جائیں:
- نام مصنف، مصنفین۔ نام کتاب (نام مترجم)۔ جلد۔ حصہ۔ طبع۔ مقام اشاعت: نام ناشر و طابع؛ سن اشاعت: نمبر صفحات۔
- تمام حوالہ جات/ مصادر و مراجع/ حواشی بزبان اردو ہی لکھیں، قطع نظر اس سے کہ وہ حوالہ کسی اردو/ عربی یا انگریزی کتاب کا ہے۔
- مقالہ نگاران اپنا مکمل پتہ، فون نمبر اور ای میل مضامین کے ساتھ ضرور تحریر کریں۔
- مقالہ کے آغاز میں اختصاریہ ضرور شامل کریں۔

ادارہ